ماہ رجب کی فضیلت اور اعمال

ابن بابویہ نے معتبر سند کے ساتھ سالم سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں اوخر رجب میں امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرتؑ نے میری طرف دیکھتے ہوئے فرمایا کہ اس مہینے میں روزہ رکھا ہے؟

In a considerable form of narration, Ibn Baabwayh has quoted Salim as saying: I once visited Imam al-Sadiq(a.s.) in the last days of Rabaj. When his eyes turned towards me, he asked, “Have you fasted on any day in this month, Salim?”

میں نے عرض کیا فرزند رسولؐ ! وللہ نہیں!

“No, I have not,” answered I.

تب فرمایا کہ تم اس قدر ثواب سے محروم رہے ہو کہ جسکی مقدار سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا کیونکہ یہ مہینہ ہے جسکی فضیلت تمام مہینوں سے زیادہ اور حرمت عظیم ہے اور خدا نے اس میں روزہ رکھنے والے کا احترام اپنے اوپر لازم کیا ہے۔

“You have missed great reward,” said the Imam (a.s.). “Such a great reward that none can ever grant except Almighty Allah. Verily, this month has been given precedence to the other months by Almighty Allah Who has also given its sanctity a great consideration and will have certainly honored those who observe fasting during it.”

میں نے عرض کیا اے فرزند رسولؐ! اگر میں اسکے باقی ماندہ دنوں میں روزہ رکھوں توکیا مجھے وہ ثواب مل جائیگا؟

I then said, “O son of Allah’s Messenger, what if I fast on the rest days of Rajab, will I then be awarded anything of the rewards dedicated to those fasting in it?”

آپؑ نے فرمایا: اے سالم! جو شخص آخر رجب میں ایک روزہ رکھے تو خدا اسکو موت کی سختیوں اور اس کے بعد کی ہولناکی اورعذاب قبر سے محفوظ رکھے گا۔جوشخص آخر ماہ میں دو روزے رکھے وہ پل صراط سے آسانی کے ساتھ گزرجائے گا اور جو آخر رجب میں تین روزے رکھے اسے قیامت میں سخت ترین خوف‘تنگی اور ہولناکی سے محفوظ رکھا جائے گا اور اس کوجہنم کی آگ سے آزادی کاپروانہ عطا ہوگا۔

Imam al-Sadiq(a.s.) answered, “Listen, Salim!If one observes fasting on the last day of this month, this will secure him against the agonies of death, the horror of the resurrection, and the grave chastisement. As for one who observes fasting on the last two days of this month, this will give him permission to pass the Discriminating Bridge (sirat) peacefully. As for one who observes fasting on the last three days of the month, one shall be secured on the Grand Horror Day against all the horrors and hardships thereon and shall be also granted release from Hellfire.”

واضح ہوکہ ماہ رجب میں روزہ رکھنے کی فضیلت بہت زیادہ ہے جیساکہ روایت ہوئی ہے اگر کوئی شخص روزہ نہ رکھ سکتاہو وہ ہر روز سو مرتبہ یہ تسبیحات پڑھے تو اس کو روزہ رکھنے کا ثواب حاصل ہو جائے گا۔

Finally, be it known to you that to observe fasting during the month of Rajab wholly brings about great favors. However, it has been narrated that one who is incapable of fasting during the month of Rajab may repeat the following supplicatory prayer instead one hundred times each day in Rajab:

ہر روز سو مرتبہ یہ تسبیحات ماہ رجب پڑھے

If one is incapable of fasting during the month recite the following instead 100 times each day in the month of Rajab:

سُبْحانَ الْإلَهِ الْجَلِيلِ

پاک ہے جو معبود بڑی شان والا ہے

Glory be to the All-majestic God.

سُبْحانَ مَنْ لاَ يَنْبَغِي التَّسْبِيحُ إلاَّ لَهُ

پاک ہے وہ کہ جس کے سوا کوئی لائق تسبیح نہیں

Glory be to Him other than Whom none should be glorified.

سُبْحانَ الْأَعَزِّ الْأَكْرَمِ

پاک ہے وہ جو بڑا عزت والا اور بزرگی والا ہے

Glory be to the All-honorable and All-dignified.

سُبْحانَ مَنْ لَبِسَ الْعِزَّ وَهُوَ لَهُ أَهْلٌ

پاک ہے وہ جولباس عزت میں ملبوس ہے اور وہی اس کا اہل ہے۔

Glory be to Him Who has dressed Himself with grandeur that fits none but Him.

¤ - ¤ - ¤ - ¤ - ¤

وَصَلَّى اللهُ عَلى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَآلِهِ الطَّاهِرِينَ أَجْمَعِينَ

اور اللہ رحمت فرمائے ہمارے سردار محمدؐ پر اور انکی تمام پاکیزہ آلؑ پر
May Alláh's blessing on peace be on Muhammad and those of his descendants who are pure.

زادِ راہ - وَ مَنْ يُوْنِسُ فِيْ الْقَبْرِ وَحْشَتِيْ

Who will give me solace from the loneliness of the grave
زادِ راہ - جو میری قبر کی تنہائی (بے اطمینان) کا مونس ہے
https://t.me/joinchat/AAAAAEJic0MIJqz_ooBzTA

مؤسسة تہذیب

يرجى قَرَأَة سورة الفاتحة إلى
"ابو ظفر ظفر حیاتی" ابن "محمد حیات بخش"

التماس سورہ فاتحہ برائے
"ابو ظفر ظفر حیاتی" ابن "محمد حیات بخش"
Please recite Sura-al-Fateha for
Abu Zafar Zafar Hayati Son of Mohammad Hayat Buksh

١ توضیح المسائل جامع : فقہی احکامات ٹیلیگرام پر

https://t.me/joinchat/AAAAAEJhdJfvpjG2wpbxgw

٢ : زادء راہ - وَ مَنْ يُوْنِسُ فِيْ الْقَبْرِ وَحْشَتِيْ

دعا، مناجات، زیارت ٹیلیگرام پر
Who will give me solace from the loneliness of the grave
https://t.me/joinchat/AAAAAEJic0MIJqz_ooBzTA

٣ :الصحیفه السجادیه

تمام دعاؤں اور مناجات کا ترجمع اردو اور انگلش زبان میں ٹیلیگرام پر
https://t.me/SahifaESajjadia

• • اختتـــــام • •